

# فوکس فاطمیہ ایجوکیشن

FATIMIYAH
education network

شمارہ 16 | مارچ 11

## پیغام



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
عزیز طلبہ، والدین اور کمیونٹی ممبرز
السلام علیکم

تمام تعریفیں اُس اللہ رب العزت کے لیے کہ جس نے ہمیں اپنی اور اپنی مخلوقات کی خدمت کا موقع عطا فرمایا۔ اپنی آنکھوں کے سامنے مستقبل کو ارتقائی مراحل طے کرتے ہوئے دیکھنا ہمیشہ تمکنت ومسرت کا باعث ہوتا ہے۔ بچّے ہماری قوم کا مستقبل ہیں! اور انھیں ایسی تعلیم دینا نیز اس طرح سے پروان چڑھانا ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ وہ آگے چل کر ایک 'عادل معاشرہ' کا قیام عمل میں لاسکیں۔ جب ہم نے اپنی گذشتہ کارکردگی کا جائزہ لیا تو مجھے مشکلات اور چیلنجز کے ساتھ ساتھ نمایاں کامیابیاں نظر آئیں۔ ان مشکلات کے باوجود نہایت مؤثر طور پر KPSIAJ/FEN کا مرکزِ نگاہ مختلف انداز سے کمیونٹی کی خدمت کا فلسفہ اور اپنے منشور پر عمل درآمد رہا۔ جیسا کہ اسلام میں بیان کیا گیا ہے۔

ہم نے متعدد کاموں کی ابتداء کی، جیسے:

(۱) تمام کیمپسز میں نماز کی باقاعدگی سے ادائیگی۔
(۲) ECD کے لیول سے قرآن پروگرام کا تعارف، جو کہ اب جماعت چہارم تک پہنچایا جا چکا ہے۔ اس سال سے اسے مرحلہ وار ہر سال اگلے لیول تک بڑھایا جاتا رہے گا۔
(۳) کمیونٹی کے طلبہ کو میرٹ کی بنیاد پر اعلیٰ تعلیم کے لیے اسکالرشپس کی دستیابی۔
(۴) پیشہ ورانہ تعلیم کے داخلہ ٹیسٹ کی تیاری، تاکہ معیاری کالجز اور یونیورسٹیز میں تعلیم حاصل کرنے کے سلسلے میں اپنی کمیونٹی کے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
(۵) کیریئر سیمینارز جو ہمارے بہترین تعلیم، اچھی صحت کی حفاظت اور دیگر خدمات کو فروغ دینے کے عزم کا حصّہ ہیں۔
(٦) FEN کے اساتذہ کے لیے پروفیشنل اور اقدار پر مبنی ٹیچرز ٹریننگ پروگرام، تاکہ ان میں اسے طلبہ میں منتقل کرنے کی اہلیّت پیدا ہو۔
(۷) FEN کے تمام یونٹس میں ہم نصابی اور کھیل سے متعلق سرگرمیوں کا فروغ۔

اہم معاملات پر اپنی کمیونٹی میں شعور اجاگر کرنے کے لیے پہلے سے بہتر طور پر کوششیں کی جارہی ہیں۔ ہمارے نیوز لیٹرز اور دیگر ذرائع میں ان سب کا باقاعدہ تحریری ریکارڈ موجود ہے۔

گورننگ باڈی اور ایجوکیشن بورڈ کے ممبران کی حیثیت سے ہم کمیونٹی کے بیش بہا سرمایہ یعنی اس کے بچّوں کے نگران ہیں۔ ہم اپنے نیٹ ورک میں طالب علم کو مرکزیت دینے کے باعث خود پر فخر کرتے ہیں، جہاں کمرۂ جماعت میں اور اس کے باہر، آپ کے سیکھنے کے عمل کو تیز تر بنانے کے لیے اثر انگیز خدمات نیز سرگرمیوں کا وسیع تر میدان پیش کیا جاتا ہے۔ ہمارا مشن آپ کے یہاں گزرنے والے وقت کو دلچسپ اور مفید تر بنانا ہے۔ ہمیں اپنی آراء سے آگاہ کرنے سے ہرگز مت گھبرائیے۔ جب آپ اپنی سوچ کا اظہار کریں گے تو یہ ہمارے لیے مؤثر فیصلے کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

تعلیم کے میدان میں فاطمیہ ایجوکیشن نیٹ ورک کی کامیابی ہمارے پرنسپلز، اساتذہ، عملے اور گورننگ باڈی کے ممبران کے عزمِ مصمّم اور جانفشانی کی مرہونِ منت ہے۔ میں والدین کو دعوت دیتا ہوں کہ پہلے سے بھی زیادہ دلچسپی لیتے ہوئے اپنے بچّے کی تعلیم میں فعال کردار ادا کریں۔ اس موقع سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے میں ان مخیّر حضرات اور ہمدرد افراد کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنھوں نے تعلیم کو پھیلانے کے اس الٰہی مقصد میں ہمارا ہاتھ تھاما، ہم پر اعتماد کیا نیز ہماری پشت پناہی کی۔

نئے تعلیمی سال کے لیے میری دعائیں اور دلی تمنائیں آپ کے ہمراہ ہیں۔

نیک خواہشات کے ساتھ

اصغر حسین شہیدی
نائب صدر، خوجہ (پیرائی) شیعہ اثنا عشری جماعت، کراچی
اور ممبر ایجوکیشن بورڈ، فاطمیہ ایجوکیشن نیٹ ورک

## کانووکیشن ۲۰۱۰ء

۴/اور ۵/دسمبر ۲۰۱۰ء کو شہید حمید علی بھوجانی ہال میں فاطمیہ بوائز اور گرلز اسکول کے جماعت دہم سال ۱۰-۲۰۰۹ء کے طلبہ کے اعزاز میں سالانہ کانووکیشن کی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریبات میں ماہرین تعلیم، کمیونٹی کے ممبران اور کامیاب طلبہ




کے والدین نے شرکت کی۔

۴/دسمبر ۲۰۱۰ء کو FGS کی تقریب میں پرنسپل المرتضیٰ مدرسہ، بیگم فاطمہ الطاف صاحبہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ پرنسپل FGS محترمہ سمیرہ رمضان صاحبہ نے اپنے افتتاحی کلمات میں FEN میں تعلیم و تعلّم کے فروغ کے لیے انتظامیہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ مہمانِ خصوصی نے طالبات کو ان کی کامیابی پر مبارکباد دی اور انھیں مستقبل میں بھی اسی لگن کے ساتھ کام کرنے کا مشورہ دیا نیز کامیاب طالبات میں شہید حمید علی بھوجانی میٹریکولیشن ایوارڈ کی اسناد تقسیم کیں۔

باقی صفحہ نمبر ۳

## کیریئر رہنمائی سیمینار

۳۰/اکتوبر ۲۰۱۰ء کو شہید حمید علی بھوجانی ہال میں فاطمیہ کالج کے طلبہ کے لیے کیریئر رہنمائی سیمینار منعقد کیا گیا۔ FEN اور JIBA انٹرنیشنل کراچی چیپٹر کی یہ مشترکہ کاوش، کیریئر کے انتخاب کے وقت طلبہ کو درپیش مسائل کو زیرِ بحث لانے کے لیے کی گئی۔ سیمینار میں ٦۰۰ طلبہ نے شرکت کی جس میں معروف پیشہ ورانہ ماہرین نے گفتگو کی۔ مینیجمنٹ کنسلٹنٹ اینڈ ہیڈ ہنٹر برائے MD's جناب شمیم ظفر صاحب نے پاکستان میں موجود اہم پیشوں کا جائزہ پیش کیا۔ کنسلٹنگ ایکچوری جناب سمیع الحسن صاحب نے ایکچوریل سائنس کے میدان میں پائی جانے والی بے انتہا وسعت پر روشنی ڈالی۔ فیکلٹی انڈس ویلی اسکول آف آرکیٹکچر جناب سلیم تھاریانی صاحب نے طلبہ کو آرکیٹکچر کے شعبہ میں کیریئر بنانے سے متعلق معلومات فراہم کیں۔ پارٹنر KPMG جناب سید مسعود نقوی صاحب نے چارٹرڈ اکاؤنٹسی کے شعبہ میں پاکستان میں موجود مواقع کو بیان کیا۔ آخر میں CEO اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک جناب محسن ناتھانی صاحب نے گفتگو کرتے ہوئے بینکنگ کے شعبہ میں کیریئر اپنانے کے فوائد پر اظہارِ خیال کیا نیز اپنے تجربات کا تذکرہ کیا۔



# گوشۂ طلبہ

## کربلا اور ہماری زندگی



کومل رضوی، دہم۔ج

ہم سب جانتے ہیں کہ کربلا میں اہلِ بیتؑ پر کیا کیا ظلم نہیں کیے گئے! حضرت امام حسینؑ، انؑ کے اصحاب اور گھر والوں کو تین شب و روز کا بھوکا پیاسا شہید کر دیا گیا۔ ہم اگر غور و فکر سے کربلا کی تاریخ کو دیکھیں تو بآسانی یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ یہ کربلا ہی ہے جس نے ہمیں زندگی کا مقصد سمجھایا۔ امام حسینؑ نے اپنا سر دے کر بتا دیا کہ زندگی کیسے گزاری جائے اور اللہ کی عبادت کس طرح کی جائے؟! ہم دیکھتے ہیں کہ جب کسی بچے سے کہا جائے کہ ''نماز پڑھ لو!'' تو اگر وہ سستی سے کام لے اور بولے، ''ابھی بہت وقت ہے! بعد میں پڑھ لیں گے۔'' تو بڑے خاموش ہو جاتے ہیں۔ اس پر نماز پڑھنے کے لیے زور نہیں دیا جاتا۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہ نماز پڑھنا بھول جاتا ہے۔ کبھی مجلس و جلوس سے آکر تھک کر سو جاتا ہے اور نماز کا خیال تک نہیں رہتا۔ ایسے بچوں کو پیار سے سمجھانے اور بتانے کی ضرورت ہے کہ اگر ہم نماز ہی نہیں پڑھیں گے تو مجلس کا کیا فائدہ! جبکہ امام حسینؑ نے تو اسی نماز (دین) کو بچانے کے لیے اپنا سر تک کٹوا دیا۔ اگر ہم یہی عمل انجام نہیں دیں گے تو سوچیں ہمارے مولاؑ کو کس قدر دکھ ہو گا؟! خود امامؑ فرماتے ہیں:

''مجھے تلواروں کے زخم سے زیادہ تکلیف اس بے نمازی مومن کے آنسوؤں سے ہوتی ہے جو ہمارے غم میں بہتے ہیں۔''

# مبارکباد!



ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں! آنسہ صدیقہ بانو حمید علی (سابق طالبہ FGS) کو جنھوں نے ڈپلومہ ہومیو پیتھک میڈیکل سائنس کے امتحان ۲۰۱۰ء میں اوّل پوزیشن اور گولڈ میڈل حاصل کیا۔

# اعلان

## فاطمیہ انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشنل سائنسز (FIES)

فاطمیہ ایجوکیشن نیٹ ورک اپنے ایک اور جرأت مندانہ اقدام، فاطمیہ انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشنل سائنسز (FIES)، ادارہ برائے تربیت اساتذہ/ پیشہ ورانہ ترقی کا آغاز کرتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہے۔ جس کی نمایاں خصوصیت اہل اور سرگرم اساتذہ تیار کرنے نیز انھیں آئندہ نسل کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کے قابل بنانے کا عزم ہے۔ FIES کا مقصد وطنِ عزیز کی نوجوان نسل کے لیے معلّمی کے مقدس پیشے میں مقام بنانے نیز بطور ایک تربیّت یافتہ/ماہر شخصیّت اپنے کیریئر کا آغاز کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ مزید برآں، اس کے ذریعہ علم کی بنیاد پر ذمہ دار اور قابل اساتذہ نیز ماہرینِ تعلیم تیار کرنے کا بیان کردہ تصوّر پروان چڑھے گا۔

ابتدائی طور پر، FIES دو سالہ بی۔ ایڈ (بیچلرز آف ایجوکیشن) ایوننگ پروگرام کا آغاز کر رہا ہے جس کا محور و مرکز پیشہ ورانہ مہارتوں کو پروان چڑھانا اور ان کی تربیت کرنا ہو گا۔ کلاسز کا باقاعدہ آغاز انشاءاللہ سال ۲۰۱۱ء سے کیا جائے گا۔

ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ آیئے! ہمارے پروگرام کا بغور جائزہ لیجیے اور ہمارا ساتھ دے کر حصولِ علم کا ایسا تجربہ حاصل کیجیے جو آپ کی مہارتوں میں اضافے کا باعث ہو گا۔

بقیہ

## کانووکیشن ۲۰۱۰ء

مس تبسم ہیہانی، مس حسین زہرا FGS، فاطمیہ اسکول (ECE) کی مس شاہینہ محمود نیز مس نسرین اختر FBS، جناب محمد طالب اور جناب علی حاجی (غیر تدریسی عملہ) کو دس سالہ خدمات کے اعتراف میں دس گرام سونے کے تمغوں سے نوازا گیا۔ فاطمیہ گرلز اسکول کی سابقہ طالبات آنسہ ثناء توفیق، آنسہ طاہرہ محسن اور آنسہ صدف بھوجانی کو حوصلہ افزائی کی شیلڈز پیش کی گئیں اور اسی پروگرام میں KPSIAJ ویمنز ونگ کی ہیڈ محترمہ ناصرہ سجاد صاحبہ نے بیگم فاطمہ الطاف صاحبہ کی خدمت میں ایک یادگار پیش کی۔

۵/ دسمبر ۲۰۱۰ء کو CFO اینگرو گروپ پاکستان لمیٹڈ جناب روحیل محمد صاحب نے بطور مہمانِ خصوصی FBS کے کانووکیشن کی صدارت کی نیز جناب ریاض پریم جی صاحب بطور مہمانِ اعزازی شریک ہوئے اور محمد علی منی جماعت دہم گرین ہاؤس، نے تقریب کی میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔ پرنسپل FBS محترمہ طاہرہ نقوی صاحبہ نے اسکول میں ہونے والی سرگرمیوں نیز مستقبل کے منصوبوں پر روشنی ڈالی اور KPSIAJ کے ممبران کی خدمت میں خصوصی پیٹرن ایوارڈز بھی پیش کیے گئے۔

## نماز

بچّوں کو نماز کی اہمیت بتانے اور اوّل وقت میں نماز کی ادائیگی کا پابند بنانے کے لیے FEN کے تمام یونٹس میں باقاعدگی سے اساتذہ کے زیرِ نگرانی ظہرین کی نمازیں ادا کروائی جارہی ہیں۔



''اپنے قول و فعل میں ہم آہنگی پیدا کرو ورنہ تمہارا کردار مشکوک ہو جائے گا۔''

(امام حسن علیہ السلام)

## FEN کا قرآن پروگرام

تمام تعریفیں ربِّ ذوالجلال کے لیے اور درود و سلام محمدؐ و آلِ محمدؐ پر!

محترم والدین

السلام علیکم

فاطمیہ ایجوکیشن نیٹ ورک ''ویلیو ایجوکیشن'' پر کام کر رہا ہے اور قرآن کریم میں تمام تر ویلیوز موجود ہیں۔ لہٰذا ہماری بنیاد! ارلی چائلڈ ہڈ میں قرآن فہمی کے ذریعے ویلیوز سکھائی جارہی ہیں اور ہم ایسی آئیڈیل تعلیم کے لیے کوشاں ہیں جو آئندہ نسلوں کے دینی اور دنیاوی تقاضوں کو پورا کر سکے۔ یہ کام آپ کی دعاؤں سے انشاءاللہ درجہ بدرجہ آگے بڑھے گا۔

اسلامی کیلنڈر کے مطابق سال بھر مختلف تہوار منائے گئے۔ جس کے لیے ماحول، سرگرمیاں، سافٹ بورڈز، موبائل بورڈز، مجالس، میلاد، مرکزی پروگرامز، اسمبلی پریزنٹیشن کے ذریعے معلومات فراہم کی گئیں۔ درجہ اوّل و دوئم کے نصاب میں قرآن فہمی کے ساتھ ساتھ رُوخوانی و روانخوانی قرآن کریم بھی شامل ہے۔ اس میں جدید طریقۂ تدریس سے استفادہ کیا گیا۔

بچوں کو ارکانِ وضو اور نمازِ عملی سکھائی جارہی ہے۔ بحمد للہ جنوری سے باقاعدہ اسکول میں نماز پڑھوائی جا رہی ہے۔ ہمیں والدین کا خصوصی تعاون درکار ہے۔ بچوں کو روزانہ کے معمولات میں اسکول میں سکھائے جانے والے اسباق کی مشق کروائیں۔ ہماری اور آپ کی مشترکہ کوشش بچوں کو عمل کی جانب گامزن کرے گی۔ پروردگار نے جس بہترین نعمت (اولاد) سے آپ کو نوازا ہے اس کی حفاظت کیجیے۔ ان کی جسمانی، ذہنی، روحانی اور فکری نشو و نما کیجیے۔

پروردگار ہم سب کو ظہورِ امام زمانہؑ سے متصل فرمائے! (الٰہی آمین)

ہیڈ قرآن پروگرام

فاطمہ شہاب

# فوکس فاطمیہ ایجوکیشن

Published by: **Fatimiyah Education Network**
274, Britto Road, Near Numaish, Karachi - 74800, Pakistan Email: info@fen.edu.pk

## پیغام



تعلیم ایک ایسے بحرِ بے کراں کی مانند ہے جس میں تیرنے والے تیراک (طلبہ) کے لیے تمام تر مطلوبہ مہارتوں، ذخیرۂ معلومات اور آلات سے آراستہ ہونا ضروری ہے۔ میں نے سمندر کی مثال کا انتخاب کیا! کیوں؟! تاکہ طلبہ تعلیم کی وسعت کو سمجھ سکیں۔ اس سمندر (تعلیم) کا مرکز اللہ، خالقِ کائنات پر ایمان ہے۔ سارا علم، شعبے، ٹیکنالوجیز، سب اسی قادرِ مطلق کی تخلیق ہیں۔ انسان نے تو صرف اس پوشیدہ خزانے کو دریافت کیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہر باشعور انسان کے افعال واعمال بامقصد ہوتے ہیں۔ یہ بالکل واضح حقیقت ہے کہ عقل و دانش کے خالق نے یہ کائنات بغیر کسی مقصدِ کامل کے تخلیق نہیں کی۔

بدِقسمتی سے موجودہ نظام ہائے تعلیم اس کامل تصورِ تعلیم کو دیکھنے کی نگاہ کھو چکے ہیں۔ اس کا نتیجہ ایک ایسی گم گشتہ نسل جسے منزل کی جانب جانے والی سمت کا کوئی شعور نہیں، ایک اچھی اور دیانتدار رہنمائی کی کمی، اور دو اجزاء میں منقسم تعلیم (بالفاظِ دیگر سیکولر تعلیم اور مذہبی تعلیم) پر یقین رکھنے والے طلبہ کی اکثریت کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ انسانیت بالخصوص مسلمانوں کے لیے اس دو جزئی تصورِ تعلیم کا انجام بہت بھیانک ہے، جیسا کہ اب ان میں سے اکثر ان مقاصد کے بغیر حصولِ تعلیم میں مصروف نظر آتے ہیں جن کا خاکہ اللہ نے قرآن پاک میں کھینچا ہے۔

ہم سب جانتے ہیں کہ اسلام میں علم حاصل کرنا ہر ایک پر فرض ہے اور حدیثِ نبی کریمؐ میں علم کی ایسی کسی تقسیم کا تذکرہ موجود نہیں ہے۔ آپؐ تو بس حصولِ علم کو تمام مسلمینؑ پر واجب قرار دے رہے ہیں۔ اسلام تمام انسانوں کی مادی و روحانی بھلائی کے لیے ہے لیکن بدقسمتی سے تعلیم سے متعلق غلط تصوّرات کے باعث لوگوں کا رجحان مادیّت پرستی کی جانب نظر آتا ہے۔ اس کج فہمی کا نتیجہ ہم جنگوں، دہشت گردی، بربریت، بکھرے ہوئے خاندان، معاشروں میں انسانی اقدار کے زوال کی شکل میں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ علائل اللہ رب العزت کے ساتھ انسان کے رابطہ میں خلل نیز اس کی رہنمائی سے دوری کے سبب نظر آتے ہیں۔ بالفاظِ دیگر خدا پر ایمان نیز اس کی رہنمائی (قرآن کریم)، سیرتِ معصومینؑ اور اسلامی شریعت کو علم سے ضم کیے بغیر حصولِ تعلیم (جزوی) بے ثمر ہے۔

سید سہیل قاسم نقوی
فاطمیہ کالج

## اداریہ

محترم قارئین
السلام علیکم
پیشہ ورانہ مہارت کامیابی کی کُنجی ہے۔ یہ لوگوں کے لیے اپنی صلاحیتوں میں اضافے اور آرزوؤں کی تکمیل کے دروازے کھولتی نیز بہترین مواقع کے اُفق میں وسعت پیدا کرتی ہے۔ آج کی اس مقابلے کی دنیا میں یہ بات نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ کسی فرد کے لیے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بڑھانا کتنا اہم ہے۔ اب تو پیشوں کے تیزی سے بدلتے ہوئے رُجحانات کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے انسان کا اپنی علمیّت میں اضافہ کرنا پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگیا ہے۔
اس شُمارے میں منزلِ مقصود کو پانے کے لیے سابق طالبہ (FGS) صدف بھوجانی کا تعلیمی سفر اس بات کی بھرپور توضیح کرتا ہے کہ شاندار کیریئر بنانے میں پیشہ ورانہ مہارت کس قدر لازمی عنصر بن چکی ہے۔ پروفیشنلزم اور احساسِ ذمہ داری ایسی خصوصیات نہیں ہیں جو یکایک کسی جادوئی اثر سے گریجویشن پر ظاہر ہونے لگیں بلکہ یہ وقت کے ساتھ ساتھ عملی مشق سے پروان چڑھتی اور مضبوط ہوتی ہیں۔
اس شمارے میں FEN میں منعقد ہونے والی مختلف تقاریب وسرگرمیاں شامل کی گئی ہیں جن میں اسپورٹس، عیدِ میلاد، ہفتۂ طلبہ، صفائی مہم، یومِ حسینؑ، نیز بین المدارس مقابلوں اور B.I.E.K. میں منعقدہ کھیلوں میں ہمارے طلبہ کی کارکردگی نمایاں ہیں۔ جیسا کہ تعلیمی سال ۱۱۔۲۰۱۰ء اپنے اختتام کی جانب بڑھ رہا ہے، ہم ان کی تمام تر سعی وجدوجہد میں اپنے طلبہ کی کامیابی کے لیے دُعاگو ہیں۔ اگلے شمارے تک اپنا بے حد خیال رکھیئے گا۔
سکینہ نانجی

مدیرہ

## سیلاب زدگان کی امداد

FEN کے تمام یونٹس کے طلبہ نے سیلاب زدگان کے لیے فنڈز جمع کیے۔ انھوں نے اس مشکل گھڑی میں اپنے بھائیوں کا ساتھ دینے کے لیے نقد رقوم، خوراک، منرل واٹر اور ادویات عطیہ کیں۔ جمع شدہ رقوم اور سامان KPSIAJ کی مینیجنگ کمیٹی کے حوالے کردی گئیں۔ کنوینیر برائے فلڈ ریلیف مہم جناب مظہر جمانی صاحب نے سیلاب زدہ علاقوں کے دورے کے دوران اپنے مشاہدات بیان کیے۔ FBS نے ایک گورنمنٹ اسکول میں سیلاب زدگان کے لیے کیمپ بھی قائم کیا۔ جماعت IX اور X نے کیمپ کا دورہ کیا نیز متاثرہ بچوں میں نوٹ بکس، کلر پینسل کے ڈبے اور اسی قسم کا دیگر جمع شدہ سامان تقسیم کیا۔



## صفائی مہم



FEN کے تمام یونٹس میں ۴۰ روزہ صفائی مہم چلائی گئی۔ پروگرام کی چیدہ چیدہ سرگرمیاں پیشِ خدمت ہیں:
FBS نے ''ذاتی حفظانِ صحت اور ماحولیاتی صفائی'' کے موضوع کا انتخاب کیا۔ طلباء نے ماحولیاتی آلودگی جیسے موضوعات پر خاکے، تقاریر، نظمیں وغیرہ پیش کیں۔ جماعت VIII-A کے طلباء نے ذاتی حفظانِ صحت کی اہمیت پر خاکہ پیش کیا۔ جماعت VI-B نے آبی مخلوقات بالخصوص کچھوے اور مچھلی جیسی خطرے کا شکار مخلوقات کو درپیش مسائل پر مبنی ڈرامہ پیش کیا۔ یومِ صفائی کے موقع پر FGS کی طالبات نے جمعہ کو آخری پیریڈ میں اپنی کرسیوں، کلاسوں اور ان کی دیواروں کی صفائی کی۔ جماعت III تا VI نے صفائی کی اہمیت پر ڈرامے پیش کیے۔ سائنس اور سوشل اسٹڈیز کے اساتذہ کی جانب سے یومِ باغبانی منایا گیا۔ راہداری کی دیواروں کو بھی قرآنی آیات واحادیث سے سجایا گیا تھا۔ یومِ صفائی کی حوصلہ افزائی پر پروگرام کا اختتام ہوا۔
ECE کے بچوں کو اسمبلی پریزنٹیشن اور کلاس میں اسباق کے ذریعے آگاہی دی گئی۔ ۴ نومبر ۲۰۱۰ء کو پروجیکٹ ڈے منایا گیا۔ طلبہ نے ایک نمائش میں مختلف اسٹالز لگا کر حاصل کردہ معلومات کا اظہار کیا نیز سرگرمیوں سے متعلق اپنے تجربات بتائے۔ قرآنی آیات اور ان کے ترجمے سے مزین در و دیوار صفائی ستھرائی سے متعلق اسلامی اقدار کی غمازی کر رہے تھے۔
طلبہ میں صفائی ستھرائی کی اہمیت اُجاگر کرنے کے لیے فاطمیہ کالج میں مضمون نویسی، کوڑادان اور پوسٹر بنانے کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ اردو اور انگریزی دونوں ملا کر ۳۰ مضامین جمع کروائے گئے۔ کالج کے صحن میں پوسٹرز بھی لگائے گئے۔




جانب سے میلاد اور ایک عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔اس موقع کی مناسبت سے منقبت پڑھنے کا مقابلہ منعقد کیا گیا نیز ایک خاکہ بھی پیش کیا گیا۔بعدازاں طالبات نے اپنی کلاسز میں وَن ڈش پارٹی منائی۔

**فاطمیہ کالج** میں ''ہفتۂ طلبہ'' منایا گیا۔اس سلسلے میں ایک کوئز مقابلہ منعقد ہوا۔مہمانِ خصوصی محترمہ پروفیسر شائستہ زیدی صاحبہ نے اس دن کی اہمیت کو مفصّل طور پر بیان کیا۔۳۰ر نومبر ۲۰۱۰ء کو فاطمیہ اسکول آف ارلی چائلڈ ہُڈ ایجوکیشن کی جانب سے بھوجانی ہال (بیسمنٹ) میں پروگرام رکھا گیا۔طلبہ نے مختلف روپ دھارے، منقبت اور آیاتِ قرآنی پڑھیں نیز نظموں پر اداکاری کی۔پروگرام میں بچوں کی دلچسپی اور محویت سے ایک سماں سابندھ گیا تھا۔

## 'سیون ایجز آف مین' 〈ولیئم شیکسپیئر〉

۹ر اکتوبر ۲۰۱۰ء کو بارھویں جماعت کامرس کے طلبہ نے ''شاعری، سیکھنے کا بہترین ذریعہ' ثابت کرنے کے لیے ایک ملٹی میڈیا پریزنٹیشن پیش کی۔اس کا مقصد طلبہ میں اپنی بولنے اور لکھنے کی صلاحیت کے استعمال کے اعتماد پیدا کرنا نیز اس میں بہتری کی ترغیب دلانا تھا۔ یہ سرگرمی طلبہ کے بصری مطالعات میں وسعت پیدا کرنے نیز انگریزی ادب میں شیکسپیئر کے کردار کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوئی۔مہمانانِ خصوصی مولانا اصغر حسین شہیدی صاحب اور ہیڈ ایچ۔آر اینڈ کیریئرز جناب رضا عباس صاحب نے فاتحین کے درمیان اسناد تقسیم کیں۔

## ہفتۂ طلبہ فاطمیہ ایجوکیشن نیٹ ورک

فاطمیہ کالج کی انتظامیہ نے ۳ر نومبر ۲۰۱۰ء کو ہفتۂ طلبہ کا آغاز کیا۔ مجموعی طور پر بہترین کارکردگی پیش کرنے پر BAMM P.E.C.H.S کالج برائے خواتین کو ٹرافی دی گئی۔۲ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو شہید حمید علی بھوجانی ہال میں ڈراموں کا مقابلہ منعقد کیا گیا۔ XII Sc. نے ''وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ'' پر اوّل انعام حاصل کیا۔XI Sc. ''دی مرچنٹ آف وینس'' سے ماخوذ ڈرامہ پر دوسرے انعام کی حق دار پائی جبکہ تیسرا انعام ''والد کی عظمت'' کے عنوان سے



ڈرامہ پیش کرنے پر XI Com. کے حصّے میں آیا۔۳ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو طلبہ کے لیے کھانے پینے کی اشیاء، جیولری اور ملبوسات وغیرہ کے دس مختلف اسٹالز نیز ایک ''بھوت بنگلہ'' بھی تیار کیا گیا۔۶ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو **پروجیکٹ اور ماڈل بنانے کا مقابلہ** ہوا۔ ان پروجیکٹس کو انعامات سے نوازا گیا: سائنس کے (ا)۔''واٹر پیوریفیکیشن پلانٹ''۔(ب)۔''امونیا سالوے پروسس'' اور (ج)۔''ایسڈ گارن''۔کامرس کا ''کامرس بینک'' اور آرٹس کا پروجیکٹ ''شہری و دیہی زندگی کا تقابلی جائزہ''۔

**فاطمیہ بوائز اسکول** میں ۲۳ر دسمبر ۲۰۱۰ء سے ہفتۂ طلبہ کا آغاز ہوا۔آرٹ اور دستکاری (گلدستہ بنانا)، قرأت، نعت نیز معلوماتِ عامہ پر مبنی بین الجماعتی مقابلے منعقد کیے گئے۔پرائمری سیکشن (III تا V) کے طلباء نے مقابلۂ مصوّری میں حصہ لیا۔تین بہترین پوسٹرز کو پہلی، دوسری اور تیسری کیٹیگری میں منتخب کرتے ہوئے مرکزی سافٹ بورڈ پر آویزاں



کیا گیا۔VI تا VII جماعتوں نے گلدان، اسکرین، ٹشو پیپر باکس اور پین ہولڈر بنانے کی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔خوبصورتی سے بنائی گئی یہ اشیاء نمائش کے لیے رکھی گئیں۔

**فاطمیہ گرلز اسکول** نے ۸ر نومبر ۲۰۱۰ء کو **یوم اقبالؒ** کی تقریب کے ساتھ اپنے ہفتۂ طلبہ کا آغاز کیا۔ ۱۱ر نومبر ۲۰۱۰ء کو تمام جماعتوں سے ایک گھنٹہ **ریاضی میلہ ۲۰۱۰ء** کے مختلف گیمز حل کروائے گئے۔ریاضی کے مختلف گیمز سے آراستہ ۲۵ اسٹیشنز قائم کیے گئے۔۲۲ر نومبر ۲۰۱۰ء کو V, IV, III اور VIII جماعتوں کے لیے ٹیلنٹ ہنٹ/شو منعقد کیا گیا۔

**عالمی یوم اطفال** کے حوالے سے **معاشرتی علوم کے اساتذہ (پرائمری سیکشن)** کی جانب سے **بچّوں کے حقوق و ذمّہ داریوں** سے متعلق مختلف کردار تخلیق کیے گئے۔۲۳ر نومبر ۲۰۱۰ء کو بچّوں کے **خصوصی دن** پر علیحدہ سے ایک پروگرام ترتیب دیا گیا۔ جماعت VII کی طالبات نے ''بچّے کے حقوق'' پر مبنی ٹیبلو پیش کیا۔فصاحت بتول VIII-D نے انگریزی تقریر میں اوّل انعام حاصل کیا جبکہ کائنات فاطمہ IX-B اُردو تقریری مقابلے کی فاتح قرار پائیں۔درج ذیل طالبات نے ۲۴ر نومبر ۲۰۱۰ء کو منعقدہ **معاشرتی علوم اولمپیاڈ** میں کامیابی حاصل کی۔ جماعت III-B شانِ رُقیہ مہدی رضا اور ضحیٰ علوانی۔جماعت IV-C فجر زہرا غلام رضا، تنزیل فاطمہ شوکت علی۔جماعت V-C مریم زہرا مبین رضا اور قرأت فاطمہ فیاض حسین۔۲۵ر نومبر ۲۰۱۰ء کو سیکنڈری جماعتوں کے لیے شخصیت شناسی اور مشہور تاریخی آثار کی شناخت پر مبنی **معاشرتی علوم اولمپیاڈ کوئز مقابلہ** کا انعقاد ہوا۔ردا فاطمہ عباس علی اور مشعل فاطمہ علی رضا، جماعت VI-C ، سیدہ مریم ریحان حیدر اور ایلیا فیض جماعت VII-B ، افزاء بتول علی جعفر اور سلویٰ غلام حسین جماعت VIII-A اور زہرا مہ جبیں محمد محسن اور گل رُخ رضوی IX-C نے اولمپیاڈ میں کامیابی حاصل کی۔

## یوم حُسین علیہ السلام

FEN کے تمام یونٹس میں امام حسینؑ اور شہداءِ کربلاؑ سے اظہارِ عقیدت کے لیے مجالس کا اہتمام کیا گیا۔ **فاطمیہ بوائز اسکول** کی مجلس کا آغاز علی جواد IX-A کی دعا سے ہوا، تحریم حیدر VIII-B نے نوحہ اور علی حسنین VII-A نے ہدیۂ سلام پیش کیا۔خطابت محمد ہادی VIII-A نے کی۔جماعت X کے طلباء نے مرثیہ خوانی کی اور حسنین علی IX-A نے سلام آخر پیش کیا۔

۱۰ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو شہید حمید علی بھوجانی ہال میں FGS کی مجلس عزا سے محترمہ طاہرہ فاضلی صاحبہ نے خطاب کیا۔جماعت VI اور VII کی ماؤں کو بھی مدعو کیا گیا۔ سلویٰ حسین نے حدیثِ کساء پڑھی، بتول اصغر نے سلام پیش کیا اور لاریب حسین نے ساتھیوں کے ہمراہ مرثیہ خوانی کی۔

**فاطمیہ کالج (گرلز)** نے شہید حمید علی بھوجانی ہال میں ۷ر جنوری ۲۰۱۰ء کو یوم حسینؑ کا اہتمام کیا۔مہمان خطیب بیگم تبسّم سُہیل صاحبہ نے ''کربلا میں قیامِ حسینؑ کی وجوہات'' پر گفتگو کی۔انھوں نے صراحت سے ان وجوہات کو بیان کیا جن کی بنا پر امامؑ نے مسلمانوں کو اس جانب متوجہ کرنے کا فیصلہ کیا اور انھیں **امر بالمعروف و نہی عن المنکر** جیسے اسلامی اصولوں کی عملی تبلیغ کی۔

اپنی سابقہ روایات کے مطابق، **فاطمیہ کالج (بوائز)** نے ۱۱ر جنوری ۲۰۱۰ء کو یوم حسینؑ منایا۔جس میں ڈاکٹر زاہد علی زاہدی صاحب کو خطاب کی دعوت دی گئی۔زین XI-A نے نعت پڑھی، سجاد XII Sc. نے سلام پیش کیا، علی سجاد XII Com. نے تقریر کی اور امتیاز XII Sc. نے نوحہ خوانی کی۔جناب سیّد ریحان حیدر صاحب نے بھی شہید امامؑ کی قربانی پر گفتگو کی۔سوز و مرثیہ جماعت XII-Sc. کے طلباء کی جانب سے پیش کیا گیا۔چیئرمین ایجوکیشن بورڈ اور سیکریٹری ایجوکیشن بورڈ نے مجلس میں شرکت کی۔

# ''ہم نصابی سرگرمیاں''

## بین المدارس مقابلے
## تقریری مقابلہ

۵/اکتوبر ۲۰۱۰ءکو FBS اور FGS نے غلامانِ عباس اسکول کے زیر اہتمام بین المدارس تقریری مقابلہ برائے پرائمری کلاسز میں شرکت کی۔ FGS کی والیہ بتول علی عباس، جماعت IV-D نے انگریزی تقریر میں تیسری پوزیشن اور مریم مبین رضا، جماعت V-C نے اُردو تقریر میں کانسولیشن انعام حاصل کیا۔

## ریاضی کینگرو مقابلہ

ستمبر ۲۰۱۰ء میں چھٹے ریاضی کینگرو عالمی مقابلے کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ جس میں FBS اور FGS کے طلبہ نے




تین مراحل اِکولیئر، بینجمن اور کیڈٹ لیول میں حصہ لیا۔ تمام طلبہ نے کامیابی سے ہمکنار ہوکر اسناد و تجزیاتی رپورٹس حاصل کیں۔ FBS کے سید کمیل حیدر زیدی ٹاپ ٹین شرکاءِ مقابلہ میں شمار کیے گئے۔ وہ ڈسٹرکٹ کی سطح پر ۹ویں اور پاکستان کی سطح پر ۲۱ویں نمبر پر رہے۔

## آل کراچی تقریری مقابلہ

۸/نومبر ۲۰۱۰ءکو ڈھاکہ گروپ آف ایجوکیشن کی جانب سے آل کراچی تقریری مقابلہ منعقد کیا گیا۔ FBS جماعت VIII-A کے ہادی اور کمیل شیرازی نے مباحثہ کے مقابلے میں حصّہ لے کر شرکت کی اسناد حاصل کیں۔ FGS، جماعت X-B کی سیدہ فاطمہ شیرازی نے ۲۰ اسکولوں کے شرکاء کے مابین جمشید ٹاؤن کی سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کی۔

## تقریری اور کوئز مقابلہ

FBS اور FGS کے طلبہ نے امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے تحت منعقدہ تقریری اور کوئز مقابلہ میں حصہ لیا۔ FGS، جماعت X-D کی ہُدیٰ نایانی اور فرزین انصار حسین نے کوئز مقابلے میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ فاطمہ شیرازی تقریری مقابلے کی فاتح قرار پائیں نیز ۲۰۰۰/= روپے نقد انعام حاصل کیا۔ فاطمیہ گرلز اسکول کو دو اعزازی شیلڈز سے بھی نوازا گیا۔

## پوسٹر اور مضمون نویسی مقابلہ

خصوصی بچوں کے اسکول 'مرکزِ امید' کی جانب سے خصوصی بچوں کی ضروریات سے متعلق شعور و آگاہی اجاگر کرنے کے لیے ۳/دسمبر ۲۰۱۰ء کو پوسٹر اور مضمون نویسی کے مقابلے کا




انعقاد کیا گیا۔ FBS اور FGS کے طلبہ نے تمام مراحل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ بہترین پوسٹرز اور مضامین کی نمائش ایکسپوسینٹر کراچی میں کی گئی۔

## حفظانِ صحت پروگرام

ادارۂ تعلیم و آگاہی کی جانب سے اسکول کے بچوں کے لیے حفظانِ صحت پروگرام ترتیب دیا گیا۔ FBS کے ۶ اور FGS کے ۴ طلبہ نے اس میں حصہ لیا اور ۸/دسمبر ۲۰۱۰ءکو اس تربیتی پروگرام کا پہلا مرحلہ طے کیا نیز انھیں وائس کیپٹن کے بیجز دیئے گئے۔ بہترین مضمون اور پوسٹر کے فاتح امیدوار کو کرکٹر وسیم اکرم سے ملنے کا موقع دیا جائے گا۔

## آرٹ و کوئز مقابلہ

۲۹/نومبر ۲۰۱۰ءکو حبیب پبلک اسکول میں ہونے والے بین المدارس آرٹ، کوئز اور ملی نغموں کے مقابلے میں FBS کو مدعو کیا گیا۔ مختلف کیٹیگریز کے لیے مختلف موضوعات منتخب کیے گئے۔ جماعت V اور VI کو قدرتی آفات، VII اور VIII کو وراثت کے رنگ، IX اور X کو امن سب کے لیے، کے موضوعات دیئے گئے۔ چونکہ بہت سے مایہ ناز اسکولوں کے طلبہ اس میں شریک تھے لہٰذا مقابلہ بہت سخت رہا۔ تمام طلبہ کو شرکت کی اسناد سے نوازا گیا۔

## یومِ حیوانات ECE

۳/دسمبر ۲۰۱۰ءکو فاطمیہ اسکول (ECE) میں "Animals at School" کے عنوان سے ''یومِ حیوانات'' منایا گیا۔ یومِ حیوانات کی کامیابی درحقیقت طلبہ اور فیکلٹی کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ تھی۔ اس موقع پر اونٹ، گھوڑا، خرگوش، مچھلی اور پرندے وغیرہ دکھائے گئے۔ بچّوں نے آنے والوں اور طلبہ کو جانوروں سے متعلق معلومات فراہم کیں۔ ہم



والدین کے تعاون پر ان کے شکر گزار ہیں جنھوں نے اپنے پالتو جانور نیز ان کے لیے خوراک بھیجی۔

## FBS میں ہاؤس سسٹم کا آغاز

پرنسپل FBS محترمہ طاہرہ نقوی صاحبہ کی جانب سے FBS میں ۴ ہاؤسز کے قیام کا اعلان کیا گیا۔ ان ہاؤسز کو دیانتداری، ایمان، اتحاد اور تنظیم کے نام نیز سُرخ، زرد، سبز اور نیلا رنگ دیئے گئے۔ ۲۲/اگست ۲۰۱۰ء کو انتخابات منعقد ہوئے جن میں جماعت III تا X کے طلباء نے اپنے ووٹ کا استعمال کیا۔ درج ذیل طلباء نے کامیاب ہو کر ایک رنگا رنگ تقریب میں اپنے عہدوں کے حلف اٹھائے۔ ایم. اے. شبیر ــــ کپتان، ثقلین ــــ نائب کپتان (بلو ہاؤس)۔ محمد علی مونی ــــ کپتان، حسنین علی ــــ نائب کپتان (گرین ہاؤس)۔ ایم علی ایمانی ــــ کپتان، علی جواد ــــ نائب کپتان (یلو ہاؤس)۔ اویس ــــ کپتان، تنویر ــــ نائب کپتان (ریڈ ہاؤس)

## عید ملن پارٹی
## ﴿عیدِ غدیر، عیدِ مباہلہ﴾

۲۶/نومبر ۲۰۱۰ء کو FEN کے تمام یونٹس میں بیک وقت تین عیدیں منائی گئیں۔ **FBS** کے پروگرام کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ طلباء نے قصیدے، رُباعیات اور منقبت پیش کیں۔ مہمانِ خصوصی مولانا اصغر حسین شہیدی صاحب نے حاضرین سے خطاب کیا۔ انھوں نے حصّہ لینے والے تمام طلباء اور متعلقہ اساتذہ کی کوششوں کو سراہا۔ **FGS** کی طالبات کی



# پروفیشنل ڈیویلپمنٹ پروگرام

## آگ سے ہونے والے حادثات کی روک تھام

۱۳/نومبر ۲۰۱۰ء کو پیش کی جانے والی مس تبسم ہیمانی کی پریزنٹیشن آگ پر قابو پانے کی تدابیر اور کسی بھی ہنگامی صورتِ حال میں کیے جانے والے حفاظتی اقدامات پر مبنی تھی۔ اساتذہ کو ایسے ہینڈ آؤٹس اور سرگرمیاں فراہم کی گئیں جو کلاس میں طلبہ کے سامنے پیش کی جا سکیں۔ حاضرین کی جانب سے آگ سے نمٹنے کا ہفتہ منانے، طلبہ کے لیے آگ سے بچاؤ کی مشق پر مبنی سیشنز اور اساتذہ کی جانب سے تیار کیے گئے ہنگامی صورت میں باہر نکلنے کے طریقۂ کار پر مشتمل تجاویز حاصل ہوئیں۔

## غصہ پر قابو

۲۲/نومبر ۲۰۱۰ء کو ہیڈ ایچ۔ آر اینڈ کیریئرز جناب رضا عباس صاحب نے ECE آڈیٹوریم میں اساتذہ کے لیے ''غصہ پر قابو'' کے عنوان پر سیشن رکھا۔ غصہ ایک ایسا جذباتی



مرحلہ ہے جو معمولی طیش سے شدید تناؤ کی شکل اختیار کر لیتا ہے لہٰذا اس کی بنیادی وجہ کو سمجھنے کے بعد تمام معاملات و مسائل کا نئے سرے سے حل کیا جانا نہایت ضروری ہے۔ انھوں نے مسائل کے حل کے لیے شرکاء کے سامنے چند تجاویز بھی رکھیں۔

## خوش نویسی ورک شاپ

ECE کے اساتذہ کو خوش نویسی اور ہندسے لکھنے کی تیکنیکس سکھانے کے لیے پرنسپل محترمہ سمیرہ زیدی صاحبہ نے ۷ روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا۔ جس کا مقصد اس بات کا شعور اجاگر کرنا تھا کہ ہینڈ رائٹنگ سے بچوں کے وقار، توجہ اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔

## تدریسی حکمتِ عملی

۳۱/دسمبر ۲۰۱۰ء کو مس تبسم ہیمانی صاحبہ نے ''طریقہ ہائے تدریس'' کے عنوان سے ایک پریزنٹیشن پیش کی۔ 'فنونِ تدریس' کے تین تصورات: معلومات، مہارتیں اور رویّے اس دوطرفہ سیشن میں مفصل طور پر زیرِ بحث لائے گئے۔ انھوں نے ایک قابل اور اثر انگیز استاد کے تصوّر نیز اس سلسلے میں اہم تکنیکس کو بھی واضح کیا۔

## تیز رفتار مطالعہ، ورک شاپ

۲۰/اکتوبر ۲۰۱۰ء کو شہید حمید علی بھوجانی ہال میں تیز رفتاری سے مطالعہ کرنے کے عنوان پر ایک سیشن ہوا۔ جس کے مقرر ڈائریکٹر۔ TDC جناب عباس حسین صاحب تھے۔ یہ سیشن فاطمیہ کالج کے انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کے لیے منعقد کیا گیا۔ جناب عباس حسین صاحب نے مطالعے کی عادات کی اہمیت پر زور دیا نیز ایسے نئے طریقوں کو بھی واضح کیا جنھیں اختیار کر کے مؤثر انداز سے کتاب پڑھی جا سکتی ہے۔

# مقابلۂ نظم نویسی (ECE)

ماہِ جنوری ۲۰۱۱ء میں فاطمیہ اسکول ای۔سی۔ای میں جماعت دوئم کے طلبہ کے مابین مقابلۂ نظم نویسی منعقد کیا گیا۔ جس میں بچوں نے اوّل، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی۔

انعام یافتہ ننّھے شعراء کی منتخب نظمیں:



سیّد محمد عریش اختر حسین کاظمی (گرین)
(اوّل انعام)

## چوزہ

میرا چوزہ ننّھا
نام ہے اس کا مُنّا
مجھ کو لگتا ہے پیارا
آنکھوں کا ہے تارا
میرے ہاتھ نہ آتا
شوق سے دانہ کھاتا
شرارتیں ہے وہ کرتا
چیل سے ہے وہ ڈرتا



زُرتُم اظہار حسین (گرین)
(دوم انعام)

## مزے کی سیر

ہم گئے باغ میں
اچھّے اچھّے باغ میں
پھول اور درخت تھے
تتلی اور پرندے تھے
کوّے اور کبوتر تھے
مینا اور طوطے تھے
کوّا کائیں کائیں کرتا تھا
طوطا ٹیں ٹیں کرتا تھا
جھولے بھی ہم نے جھولے تھے
دوستوں کے ساتھ بھی کھیلے تھے

## بارش

ٹھنڈا ٹھنڈا پانی
میٹھا میٹھا پانی
کتنا پیارا پانی
بارش کا پانی
بہت سارا پانی
اچھا اچھا پانی
کپڑے گیلے ہو گئے
ہم بھی گیلے ہو گئے
بہت مزہ آیا
بارش کا دن آیا



ایلیا فاطمہ ذوالفقار (بلو)
(سوم انعام)

# کھیل ⟨اسپورٹس کارنر⟩

## سالانہ اسپورٹس ڈے، فاطمیہ بوائز اسکول

۲۰؍فروری ۲۰۱۱ء کو پاکستان اسپورٹس بورڈ کمپلیکس میں فاطمیہ بوائز اسکول کا سالانہ اسپورٹس ڈے منایا گیا۔صدر ورلڈ فیڈریشن KSIMC لندن جناب ڈاکٹر اصغر علی مولیدینا صاحب مہمانِ خصوصی جبکہ اولمپیئن جناب منصور احمد صاحب، جناب صفدر عباس صاحب اور ٹیسٹ کرکٹر جناب شعیب محمد صاحب مہمانانِ اعزازی کے طور پر شریک ہوئے۔سیکریٹری ایجوکیشن بورڈ FEN جناب علی نقی تقی صاحب نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے تقریب کا آغاز کیا۔

FBS کے طلباء نے تمام مراحل میں پورے جوش و ولولے کے ساتھ حصّہ لیا جس سے والدین، اساتذہ اور مہمان بھرپور طور پر محظوظ ہوئے ۔گرین ہاؤس کپتان علی مُونی نے مختلف کھیلوں، پی.ٹی ڈسپلے؛ تائی کوانڈو، دوڑ، ٹگ آف وار، گولہ پھینکنا، نیزہ پھینکنا وغیرہ جیسے دیگر بے شمار مقابلوں کے شرکاء سے حلف لیا۔مہمان کمنٹیٹر مس فرح خواجہ صاحبہ نے بھی شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی نے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے اسکول لیول پر اسپورٹس کی اہمیّت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا؛انھوں نے اپنے اسکول کے زمانے کی یادوں کو تازہ کیا نیز کامیاب شرکاء میں انعامات تقسیم کیے۔پرنسپل FBS مِس طاہرہ نقوی صاحبہ نے اظہارِ تشکر پیش کیا۔گرین ہاؤس نے سالانہ اسپورٹس ۲۰۱۱ء کپ جیتا ؛ ریڈ ہاؤس نے رنرز۔اَپ پوزیشن حاصل کی۔

(تصاویر صفحہ نمبر ۸ اور ۹ پر)

## تائی کوانڈو

جسمانی سرگرمیاں اور کھیل کو دطلبہ کی بھرپور نشو و نما کے لیے بے حد ضروری ہیں۔اس بات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے FBS میں تائی کوانڈو کو ایک ہم نصابی سرگرمی کے طور پر متعارف کروایا گیا ہے۔طلباء نے اس صحت مند تبدیلی کو کھلے ہاتھوں خوش آمدید کہا۔اب FBS کے توانائی سے بھرپور طلباء کے لیے اپنی توانائی کے مثبت استعمال کا بہترین ذریعہ تائی کوانڈو کی مشق کی صورت میں موجود ہے۔

## پانچواں سندھ تھرو بال ٹورنامنٹ ۱۱-۲۰۱۰ء

۵؍تا ۱۳؍اکتوبر ۲۰۱۰ء، حبیب گرلز اسکول میں ہونے والے انڈر ۱۹ گرلز ٹورنامنٹ میں فاطمیہ کالج (گرلز) تھرو بال ٹیم نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ٹیم نے ۶ کھیلے گئے میچوں میں سے ۵ میں کامیابی حاصل کی۔



## انٹر۔ کالجیٹ باڈی بلڈنگ چیمپیئن شپ

یاور عباس XII Com نے انٹر۔کالجیٹ باڈی بلڈنگ چیمپیئن شپ میں ۶۵ کلوگرام کیٹیگری میں اوّل پوزیشن حاصل کی اور B.I.E.K باڈی بلڈنگ ٹیم میں پاکستان بورڈز چیمپیئن شپ کے لیے منتخب کیے گئے۔

## انٹر۔اسکول ٹیبل ٹینس بوائز ٹورنامنٹ

۳؍فروری ۲۰۱۱ء کو کراچی بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے زیرِ اہتمام کھیلے جانے والے انٹر۔ اسکول ٹیبل ٹینس بوائز ٹورنامنٹ میں FBS کے حسن رضا، محمد رضا خان اور مہدی عباس پونا والا نے رنرز۔اَپ پوزیشن حاصل کی۔مقابلہ میں ۲۶ اسکولوں نے حصّہ لیا جس کے فائنل میں فاطمیئن کو صرف ایک پوائنٹ سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔کراچی بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے سلیکٹرز نے ۷؍فروری ۲۰۱۱ء کو سکھر میں ہونے والے آل پاکستان انٹر بورڈ ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ میں مہدی عباس پونا والا کو بطور کپتان اور حسن رضا کو کھیلنے کے لیے نامزد کیا ہے۔

## انٹر کالجیٹ ایتھلیٹکس چیمپیئن شپ ۲۰۱۱ء

ماہِ فروری میں کراچی یونیورسٹی ایتھلیٹکس ٹریک پر B.I.E.K کی جانب سے منعقدہ انٹر کالجیٹ ایتھلیٹکس چیمپیئن شپ ۲۰۱۱ء میں XI Com. کے علی رضا شبیر نے لانگ جمپ کے مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ XI Sc. کے محسن عابد ۱۰۰ میٹر ز ہرڈل ریس میں دوسرے نمبر پر رہے۔

## ٹیچرز کنونشن ۲۰۱۰ء

۳۰؍اکتوبر ۲۰۱۰ء کو پی۔اے۔ایف میوزیم میں، کے۔ایف۔سی کی جانب سے منعقدہ سالانہ آل پاکستان ٹیچرز کنونشن ۲۰۱۰ء کی پُروقار تقریب میں پروفیشنل ڈیویلپمنٹ ٹیچر FEN مِس تبسم ہیمانی کو اس سال کا ٹیچرز ایکسیلینس ایوارڈ دیا گیا۔FGS کی مس کنیز سیدہ نے بھی شرکت کی سند حاصل کی۔

## ٹیچرز ڈے ⟨یومِ اساتذہ⟩ FBS

۷؍اکتوبر ۲۰۱۰ء کو FBS میں یومِ اساتذہ منایا گیا۔عباس رضوی، جماعت VIII-B نے نظم کی صورت میں اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کیا۔علی ہیمانی VII-B نے اس دن کے حوالے سے خصوصی کوٹیشن پیش کی۔ جناب جمال صاحب نے انفرادی طور پر مباحثہ پر مبنی ایک کھیل ترتیب دیا۔جماعت III تا VIII نے اساتذہ کے لیے گریٹنگ کارڈز بنائے۔بہترین کارڈز کو FBS کے اسمبلی ہال کے مرکزی سافٹ بورڈ پر چسپاں کیا گیا۔

## ٹیچرز ڈے ⟨یومِ اساتذہ⟩ FGS



۶؍اکتوبر ۲۰۱۰ء کو FGS کی اسٹوڈنٹ کونسل کے ممبران نے یومِ اساتذہ کے سرپرائز انتظامات کیے۔ انھوں نے گریٹنگ کارڈز تیار کیے نیز ٹیچر کے نام کے پہلے حرف سے شروع ہونے والی صفات کا انتخاب کیا۔ہر ٹیچر کو ایک پھول اور کارڈ مع منتخب صفت پیش کیا گیا۔ صبح کی اسمبلی میں ہیڈ گرل FGS باسمہ بتول نے تمام طالبات کی جانب سے اساتذہ کو مبارکباد پیش کی۔اساتذہ کی خدمت میں، ان کے کردار اور اس کے اثرات کے خوبصورت پیغام پر مشتمل یادگار بھی پیش کی گئی۔

## سالانہ ظہرانہ

عیدِ غدیر اور عیدِ مباہلہ کی خوشی میں ۲۷؍نومبر ۲۰۱۰ء کو KPSIAJ کی گورننگ باڈی کی جانب سے ظہرانہ دیا گیا۔فیکلٹی ممبران سے اپنے خطاب میں نائب صدر KPSIAJ حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا اصغر حسین شہیدی صاحب نے FEN کی نمایاں کامیابیوں کا ذکر کیا۔انھوں نے فیکلٹی کو موجودہ مینجمنٹ کے نئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا جو KPSIAJ میں بہتری کے لیے حال ہی میں اٹھائے گئے ہیں۔انھوں نے اساتذہ کے مثبت کردار پر زور دیتے ہوئے ان کی کارکردگی سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

## کمپیوٹر لیب (FBS-FGS) کی تزئین نو

پیر ۲۰؍ستمبر ۲۰۱۰ء کو FBS میں کمپیوٹر لیبز کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔جس میں ایک انسان دوست شخصیت جناب علی حسین رجب علی صاحب سے رسمی افتتاح کروایا گیا۔انھوں نے لائبریری کا دورہ بھی کیا جسے حال ہی میں آڈیو ویژول سسٹم سے آراستہ کیا گیا ہے۔پرنسپل FBS محترمہ طاہرہ نقوی صاحبہ نے مہمانِ خصوصی کی خدمت میں لینگویج اسکلز کو بڑھانے کے لیے آڈیو ویژول لیبز کی اہمیت کے بارے میں بریفنگ دی۔